مستشفى الأسنان
الجامعي بالشارقة
UNIVERSITY DENTAL
HOSPITAL SHARJAH

جامعة الشارقة
UNIVERSITY OF SHARJAH

مریض اور اس کے خاندان کے حقوق اور ذمہ داریوں کا چارٹر

یونیورسٹی ڈینٹل ہسپتال شارجہ میں بطور مریض ، آپ کو درج ذیل کا حق حاصل ہے:

1. آپ کو اپنی منہ کی صحت کی حالت اور مناسب علاج کے اختیارات کے بارے میں مناسب طور پر آگاہ ہونا چاہیئے۔
2. آپ اپنے منہ کی صحت کی دیکھ بھال کرنے والے ڈاکٹر کے ساتھ علاج کے فیصلوں میں حصہ لے سکتے ہیں، چاہے وہ فراہم کنندہ ڈاکٹر ہو یا طالب علم۔
3. اپنے منہ کی صحت فراہم کرنے والے (ڈاکٹر یا طالب علم) کے ساتھ بات چیت کے بعد اپنے علاج کے طریقہ کار میں پورے علاج یا جزئی علاج کو قبول کر سکتے ہیں۔
4. علاج کے دوران آپ کسی بھی وقت تشخیصی ٹیسٹ یا دانتوں کے علاج سے انکار کر سکتے ہیں ، اور اپني صحت کی دیکھ بھال کرنے والے سے اس فیصلے کے نتائج کی وضاحت کرنے کو بول سکتے ہیں۔
5. علاج کے دوران آپ کے ساتھ کوئی دوسرا شخص موجود ہو سکتا ہے ، جیسے دوست یا خاندان کے افراد ، جب تک کہ ان کی موجودگی علاج کے طریقہ کار کو متاثر نہ کرے۔
6. انٹراورل تصویر (ایکس رے) حاصل کرنے کے لیے آپ کی اجازت درکار ہے ، کیونکہ یہ تدریس اور فالو اپ علاج کے مقاصد کے لیے استعمال کی جائي گیں۔
7. صنف ، نسل یا مذہب کی بنیاد پر امتیازی سلوک نہ کیا جائے اور مکمل احترام کے ساتھ برابري کی بنیاد پر سلوک کیا جائے۔
8. انفیکشن والی بیماریوں کی موجودگی کے باوجود مکمل علاج حاصل کر سکتے ہیں ، جب تک کہ ان بیماریوں کو مقامی اور قومی قوانین اور قواعد وضوابط کے تحت قرنطینہ کی ضرورت نہ ہو۔
9. سوالات پوچھیں اور منہ کی صحت اور علاج کے اختیارات کے بارے میں مزید معلومات طلب کریں۔
10. اگر آپ اپنی تشخیص یا علاج کے طریقہ کار کے بارے میں خوش نہیں ہے تو شارجہ یونیورسٹی ڈینٹل ہسپتال کے علاوہ دوسرے دانتوں کے ماہر سے دوسری پیشہ ورانہ رائے لے سکتے ہیں۔
11. اپنی ڈینٹل/میڈیکل فائل اور اپنے ایکسرے کی ایک کاپی حاصل کرنے کے لیے اگر آپ کو ان کی ضرورت ہیں اس ہسپتال کے باہر علاج کے لیے کسی اور کلینک کے لیے تو آپ حاصل کر سکتے ہیں لیکن اسکے عوض آپ کو ایکسرے کي فیس ادا کرنی ہوگی۔
12. اگر آپ کو علاج فراہم کرنے والے کے ساتھ بات چیت میں دشواری ہو رہی ہے تو آپ کسی بھی ہم زبان کی مدد حاصل کریں ، یہ آپ کا حق ہے لیکن دھیان رہے ترجمے کی مدد فراہم کرنے والا شخص ہمیشہ دستیاب نہیں ہوتا ہے۔
13. آپ سے متعلق تمام ذاتی اور طبی معلومات خفیہ رکھی جاتی ہیں۔

یونیورسٹی ڈینٹل ہسپتال شارجہ میں بطور مریض ، آپ کی درج ذیل ذمہ داریاں ہیں:

1. اپنے صحت کي نگہداشت فراہم کرنے والے (ڈاکٹر یا طالب علم) کو اپنی طبی تاریخ جتنا ممکن ہو درست بتائیں۔ اس میں انفیکشن والے امراض جیسے ہیپاٹائٹس ، ٹي بي، یا دیگر بیکٹیریل انفیکشن شامل ہیں۔
2. یونیورسٹی ڈینٹل ہسپتال شارجہ کے تمام عملے کا احترام کریں اور ہسپتال کی پالیسیوں اور چیلنجز کو مدنظر رکھیں اس صورت میں بھی جب آپ کی گئی درخواست پوری نہ ہو سکے۔
3. دی گئی تاریخ کو برقرار رکھے۔ اگر کسی وجہ سے نہیں آسکتے تو ہسپتال (استقبالیہ عمله یا طالب علم) کو مطلع کرے تاکہ دوسرے مریضوں کے لیے وقت استعمال کیا جا سکے۔
4. تعلیمی کلینکس میں علاج کے لیے 50 درہم کی رجسٹریشن فیس کی ادائیگی کرنی ہوگی جو کے فائل کو ایك سال کی مدت کے لیے فعال رکھے گی۔ مریض کا علاج مفت ہوگا۔ لیکن سینٹر آف ایکسی لینس پر ، علاج کے اخراجات مریض یا انشورنس کمپنی کے ذریعہ ادا کیے جائیں جیسا کہ قابل اطلاق ہے۔
5. آپ کی صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والوں کی طرف سے دئیے گئے مشورے پر عمل کریں ، اور اگر آپ ان تجاویز کو مکمل طور پر نہیں سمجھ پا رهے ہیں تو ان سے مزید تفصیلات طلب کریں۔
6. ہسپتال کے استقبالیہ کو اپنی کسی بھی تبدیلی کی صورت میں، جیسے ایڈریس ، فون نمبر وغیرہ کے وقت استقبالیہ عمله کو مطلع کریں۔
7. اپنے صحت کي نگہداشت فراہم کنندہ کو اپنی طبی تاریخ میں کسی تبدیلی کے بارے میں مطلع کریں ، جیسے نئي بیماری کی تشخیص ، یا نئی ادویات کا استعمال۔
8. ہسپتال کی انتظامیہ کو صحت کی دیکھ بھال کے نظام میں کسی قسم کی خرابی ، یا آپ سے متعلق کوئی بھی نامناسب واقعہ کي صورت میں ہسپتال کی انتظامیہ کو مطلع کریں۔

: +971 6 5057666
: +971 6 5057606
: info@udhs.ae
: www.udhs.ae